سوال

کیا اسلام میں نیل پالش لگا کر نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

عورت بطور زینت اپنے ناخن کسی ایسی چیز کے ساتھ رنگ سکتی ہے جو مضر نہ ہو، اور اس کے ساتھ نماز بھی ادا کی جا سکتی ہے، لیکن اگر نیل پالش وغیرہ نیچے پانی نہ پہنچنے دے تو پھر اسے لگا کر وضوء اور غسل کرنا صحیح نہیں، اس لیے اسے اتارے بغیر وضوء اور غسل نہیں ہو سکتا، اور اگر وضوء صحیح نہ ہوا تو نماز بھی صحیح نہیں ہو گی

مستقل فتوی کمیٹی کے فتاوی جات میں ہے :

(اگر نیل پالش ناخنوں پر کچھ تہہ وغیرہ چھوڑے تو اسے اتارے بغیر وضوء نہیں ہوتا، اور اگر کوئی تہہ ہو مثلا مہندی لگانا تو پھر وضوء صحیح ہو گا) اھ

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (218/5).

واللہ اعلم.

اسلام سوال و جواب

20728